

نوٹ

# 2

# صنعت اور کامرس

کاروبار روزی کمانے میں کسی فرد یا افراد کے گروپ کے ذریعہ منظّم کوششوں کی نشاندہی کرتا ہے مختلف مصنفین نے اصطلاح کاروبار یا "Business" کی تعریف اپنے اپنے طریقے کی ہے۔اروک اور ہنٹ کے مطابق ''کاروبار ایک مہم جوئی ہے جس میں کسی شے یا خدمت کی تخلیق کی جاتی ہے، تقسیم یا فراہمی کی جاتی ہے۔ یہ وہ چیزیں ہوتی ہیں جن کی کمیونٹی کے دیگر ممبروں کو ضرورت ہوتی ہے اور وہ اس کے لئے ادائیگی کے اہل اور خواہش مند بھی ہوتے ہیں۔لہٰذا اس میں وہ سبھی سرگرمیاں شامل ہیں جس میں اشیاء منافع پر فروخت کرنے کے مقصد کے ساتھ ان کی پیداوار یا خریداری یا مخصوص خدمات پیش کرنا شامل ہے۔ کاروبار میں منافع کی جستجو کی وہ تمام سرگرمیاں اور مہم جوئی شامل ہے جن کے ذریعہ کسی معاشی نظام میں ضروری اشیاء اور خدمات فراہم کی جاتی ہے۔

## مقاصد

اس سبق کو پڑھنے کے بعد آپ:

- کاروباری سرگرمیوں کی درجہ بندی کرسکیں گے؛
- صنعت اور اس کے اقسام کے بارے میں بتاسکیں گے؛
- کامرس، تجارت اور اس کے لوازمات کے بارے میں بتاسکیں گے؛
- اصطلاح ای۔کامرس کی تعریف کرسکیں گے؛
- ای کامرس کے قسمیں بیان کرسکیں گے؛ اور
- ای کامرس کے فوائد پر بحث کرسکیں گے۔

## 2.1 کاروباری سرگرمیوں کی درجہ بندی

تمام پیداواری سرگرمیوں کی بنیادی وجہ انسانوں کی لامحدود ضرورتیں اور ان کی تسکین ہے۔ انسانی احتیاجات (Wants) بہت ہوتی ہیں اور نوعیت کے اعتبار سے پیچیدہ بھی ہوتی ہیں۔ اگرچہ انسانوں کی تین بنیادی ضرورتیں ہیں یعنی روٹی، کپڑا اور مکان لیکن بہت سی ایسی دوسری چیزیں استعمال (صرف) کرتے ہیں جن کی عموماً ہمیں ادائیگی کرنی پڑتی ہے۔ مثلاً آپ ٹوتھ پیسٹ اور صابن استعمال کرتے ہیں بریڈ جو آپ کھاتے ہیں، فرنیچر آپ استعمال کرتے ہیں، لباس آپ پہنتے ہیں، ٹی وی دیکھتے ہیں یہ سب صرف کی جانے والی اشیاء کی کچھ مثالیں ہیں۔ کیا آپ نے کبھی سوچا ہے کہ کس طرح یہ چیزیں آپ کو دستیاب ہوتی ہیں؟ ان میں سے ہر ایک کے پیچھے ایک لمبا عمل ہوتا ہے۔ (صنعت کار) صارف کے لئے اشیاء پیدا کرتا ہے۔ عموماً مینوفیکچر رصارف کو ان اشیاء کی تقسیم کے لئے بچولیے (ثالث) جیسے تھوک فروش، خردہ فروشوں سے مدد لیتا ہے۔

کاروباری سرگرمیوں کو موٹے طور پر دو زمروں میں درجہ بند کیا جا سکتا ہے۔ (i) صنعت، اور (ii) کامرس۔ صنعت کا تعلق اشیاء اور مال کی پیداوار سے ہے جبکہ کامرس کا تعلق بطور خاص ان کی تقسیم سے ہے۔

## 2.2 صنعت

کاروباری سرگرمی کے پیداواری پہلو کو صنعت کے طور پر جانا جاتا ہے۔ یہ ایک کاروباری سرگرمی ہے، جو اشیاء پیدا کرنے، پیش کرنے، عمل کاری یا مینوفیکچرنگ سے متعلق ہے مصنوعات اشیاء صارف ہونے کے ساتھ اشیاء پیدا کار بھی ہوتی ہیں۔



ایک صنعت

صارف اشیاء وہ اشیاء ہوتی ہیں جن کا استعمال آخر کار صارفین کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ مثال کے لئے غذائی اجناس ٹیکسٹائل، کاسمیٹکس وغیرہ، پیدا کار کی اشیا وہ اشیا وہ ہیں جن کا استعمال بعض دیگر اشیاء کو پیش کرنے کے لئے مینوفیکچر کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ مثلاً مشینری اوزار، ساز و سامان وغیرہ۔ تجارت اور کامرس کی وسعت صنعتی نمو یا ترقی پر منحصر ہوتی ہے۔ اس سے بازار کی سپلائی رخ کے رخ کا پتہ چلتا ہے۔ صنعت سے مراد کاروباری سرگرمی کا وہ حصہ ہے جس کا تعلق مندرجہ ذیل سے ہے:

(a) زمین سے نکالی جانے والی اشیاء جیسے کوئلہ، خام لوہا، اور پیٹرولیم (ایکسٹریکٹو یعنی استخراجی صنعت کی انڈسٹری کو کہا جاتا ہے۔

(b) خام مال کو تیار شدہ اشیاء میں بدلنے جیسے صابن، بریڈ، پنکھے، سیمنٹ (انہیں مینوفیکچرنگ صنعت) کہا جاتا ہے۔ اور

(e) تعمیراتی سرگرمی جیسے عمارتیں، باندھ، پل، سڑک (تعمیراتی صنعت کہا جاتا ہے)

صنعت کے تحت اس طرح انسان کی سرگرمیوں میں چیزوں کا استخراج (نکالنا)، پیداوار، عمل کاری (پراسسنگ)، تعمیر اور وضع

نوٹ



شامل ہوتی ہے۔ ایک اور مفہوم میں صنعت کا طلب فیکٹریوں کا ایک گروپ ہے جو کسی خاص پروڈکٹ لائن میں عموماً مختص ہوتا ہے۔ مثال کے لئے وہ تمام فیکٹریاں جو سوتی کپڑا بناتی ہیں وہ کاٹن ٹیکسٹائل صنعت کی تشکیل پاتی ہیں۔ اس طرح سیمنٹ بنانے والی تمام فیکٹریاں سیمنٹ صنعت کی تشکیل کرتی ہیں۔

## 2.3 صنعتوں کی درجہ بندی/اقسام

صنعتوں کی کئی اقسام ہیں جو اس طرح ہیں۔



ابتدائی صنعت

1۔ ابتدائی صنعت: ابتدائی صنعت کا تعلق قدرتی مدد کے ساتھ اشیاء کی پیداوار سے ہے۔ یہ قدرت پر مرکوز صنعت ہے جس میں انسانی کوششیں بہت کم شامل ہوتی ہیں۔ مثال کے لئے زراعت، کاشتکاری، جنگل بانی، ماہی پروری، باغبانی وغیرہ




جینیاتی صنعت

2۔ جینیاتی صنعت (Genetic Industry): جینیائی صنعت میں فروخت کے مقصد سے پودوں اور جانوروں کی مخصوص انواع کی باز تخلیق اور ان کی بڑھوتری ہے۔ اس کا اہم مقصد اس کی فروخت سے منافع کمانا ہوتا ہے۔ مثال کے لئے: پودھ گھر، مویشی پالن، مرغی پالن مویشی بریڈنگ (نسل بڑھانا) وغیرہ



استخراج صنعت

3۔ استخراج صنعت (Extractive Industry): استخراجی صنعت کا تعلق مٹی، ہوا یا پانی سے چیزوں کا استخراج یا انہیں نکالنا ہے۔ عام طور پر استخراجی صنعتوں کی اشیاء خام شکل میں آتی ہیں اور ان کا استعمال تیار اشیاء پیش کرنے کے لئے مینوفیکچرنگ اور تعمیراتی اشیاء کے ذریعہ کیا جاتا ہے، مثال کے لئے کان کنی صنعت، کوئلے کی کان کنی، تیل صنعت، خام لوہا، جنگلوں سے عمارتی لکڑی اور ربر کا استخراج۔



مینوفیکچرنگ صنعت

4۔ مینوفیکچرنگ صنعت: مینوفیکچرنگ صنعت کا تعلق مشینوں اور افرادی قوت کی (manpowr) کی مدد سے خام مال کو تیار اشیاء میں بدلنے سے ہے۔ تیار اشیا یا تو صرف کی جانے والی اشیاء یا پیداکار اشیا ہو سکتی ہیں۔ مثال کے لئے ٹیکسٹائل، کیمکل، چینی صنعت، کاغذ کی صنعت وغیرہ۔

5۔ تعمیراتی صنعت: تعمیراتی صنعت میں عمارتوں، پلوں، سڑکوں باندھوں، نہروں وغیرہ کے تعمیراتی کام اختیار کئے

جاتے ہیں۔ یہ صنعت باقی تمام دیگر صنعتوں سے مختلف ہے کیونکہ دیگر صنعتی اشیاء کو ایک جگہ پر تیار کر کے دوسری جگہ پر فروخت کیا جا سکتا ہے۔ لیکن تعمیراتی صنعت کے ذریعہ جو بھی تیار اور فروخت کیا جاتا ہے وہ ایک ہی مقام پر نصب ہوتا ہے۔



تعمیراتی صنعت

6۔ **خدماتی صنعت**: دورجدید میں ملک کی ترقی میں خدماتی سیکٹر ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔ لہٰذا اسے خدماتی صنعت کا نام دیا گیا ہے۔ اس زمرے میں جو صنعتیں آتی ہیں، ان میں ہوٹل انڈسٹری، سیاحت اور تفریحی صنعتیں شامل ہیں۔



خدماتی صنعت


## 2.4 کامرس

صنعت کا تعلق اشیاء کی پیداوار سے ہے جبکہ کامرس کا تعلق ان اشیاء کو ضرورت مند لوگوں کو مہیا کرانا ہے، بہ الفاظ دیگر کامرس کا تعلق ان اشیاء کی تقسیم کاری سے ہے۔ اس میں وہ تمام کام اختیار کئے جاتے ہیں جو اشیاء کے آزادانہ اور بے رکاوٹ بہاؤ کو قائم رکھنے کے لئے ضروری ہیں۔ لہٰذا اصطلاح کامرس میں تجارت اور تجارت میں معاون اشیاء شامل ہوتی ہیں۔

## 2.5 تجارت

تجارت کی اصطلاح کو خریدنے اور فروخت کرنے کے مفہوم میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لئے جو خریدتا اور فروخت کرتا ہے۔ اسے تاجر (Trader) کہا جاتا ہے۔ تاجر پیداکار اور صارف کے درمیان ایک بچولیا ہوتا ہے۔ تجارت تھوک یا خردہ فروشی ہو سکتی ہے۔ تھوک فروش تاجر پیداکاروں سے بڑی مقدار میں چیزیں خریدتا ہے اور خردہ فروشوں کو کم مقدار میں فروخت کرتا ہے۔ خردہ فروش تاجر وہ ہے جو تھوک فروش تاجر سے اشیاء خریدتا ہے یا کبھی کبھی سیدھے پیداکار سے خرید لیتا ہے اور حتمی طور پر صارف کو کم مقدار میں فروخت کرتا ہے۔

## 2.6 تجارت کے لئے امدادی (تجارت میں معاون)





نوٹ

وہ ساری سرگرمیاں جو مینوفیکچرنگ مراکز سے اشیاء کو صرفی مراکز تک بے رکاوٹ پہنچانے میں آسانی پیدا کرتی ہیں۔ انہیں تجارت کے لئے امدادی یا مددگار اشیاء کہا جاتا ہے۔تجارت میں معاون چیزوں کو پانچ زمروں میں باٹا جاسکتا ہے۔ (i) نقل وحمل (ii) گودام کاری (iii) بیمہ (iv) اشتہار کاری (ایڈورٹائزنگ) (v) بینک کاری (بنکنگ)۔ان کی مختصراً وضاحت اسی طرح کی جاسکتی ہے۔

**نقل وحمل (Transporlation):** سبھی تیار کی گئی اشیاء کو پیداوار کے مقام پر یا اس کے قریب کے مقام پر فروخت کرنا ممکن نہیں ہوتا۔اس لئے اشیاء کو ان مختلف مقامات پر بھیجا جاتا ہے جہاں ان کی مانگ ہوتی ہے۔وہ ذریعہ جس سے اشیاء کو لایا اور لے جایا جاتا ہے اسے ٹرانسپورٹ کہا جاتا ہے۔

نقل وحمل تین طرح کے ہوسکتے ہیں۔

(i) زمینی نقل وحمل۔سڑک، ریل

(ii) فضائی نقل وحمل۔ہوائی جہاز

(iii) آبی نقل وحمل۔ کشتی، پانی کے جہاز

**گودام کاری:** آج کل تھوک پیداوار کے زمانے میں ذخیرہ سازی (اسٹوریج) ناگزیر ہوگئی ہے اشیاء کو تیار کئے جانے کے وقت سے لے کر جب تک وہ فروخت نہ ہوجائیں بہت محتاط طور پر ذخیرہ کرنا ہوتا ہے لہٰذا اس کی گودام سازی کی ضرورت ہوتی ہے۔ذخیرہ کئے جانے والے مقامات کو گودام کہا جاتا ہے۔

**بیمہ:** پیداواری عمل یا حادثات کیوجہ سے راستے میں آگ لگنے، چوری ہوجانے یا ذخیرہ سازی کی وجہ سے چیزیں ضائع ہوسکتی ہیں۔تاجروں کو ان کے جوکھم کا بیمہ کرانا ہوتا ہے۔بیمہ کمپنیاں اس سلسلے میں انہیں نجات دلانے کے لئے آگے آتی ہیں۔وہ ایسے خطرات یا جوکھم کے سبب ہوئے نقصانات کی تلافی کرتی ہیں۔

اس مقصد کے لئے کاروبار کو بیمہ پالیسی لینی ہوتی ہے اور پابندی سے کچھ رقم ادا کرنی ہوتی ہے جیسے ''پریمیم'' کہا جاتا ہے۔

**اشتہار کاری (ایڈورٹائزنگ):** ایڈورٹائزنگ اشیاء کو فروخت کرنے کا ایک موثر ذریعہ ہے۔اشتہار کے ذریعہ پروڈیوسر اپنی اشیاء کے بارے میں تمام معلومات متوقع صارفین تک پہنچاتے ہیں اور ان میں مصنوعات کو خریدنے کی ایک زبردست خواہش پیدا کردیتے ہیں۔ ایڈورٹائزنگ مختلف انداز میں انجام دی جاتی ہے۔ یہ داخلی یا بیرونی (Indoor or out door) ہوسکتی ہے۔ایڈورٹائزنگ کے ذریعہ لوگوں کے ساتھ رابطہ قائم کرنا جبکہ وہ اپنے گھروں میں موجود ہوتے ہیں داخلی (intdoo) ایڈورٹائزنگ کہتے ہیں۔اخباروں، ریڈیو، ٹیلی ویزن وغیرہ کے ذریعہ ایڈورٹائزنگ اس کی مثالیں ہیں۔لوگ جب اپنے گھروں سے باہر نکلتے ہیں اس وقت ایڈورٹائزنگ کے لئے ذریعہ ترسیل کو بیرونی یا آوٹ ڈور ایڈورٹائزنگ کہا جاتا

ہے۔اس طرح کی ایڈورٹائزنگ کی مثالیں ہیں سینما، تھیٹر ، دیوار کے پوسٹر اور نمایاں جگہوں پر لگائی جانے والی ہورڈنگ۔

**بینکنگ:** آج کل ہم بینکوں کے بغیر کاروبار کے بارے میں سوچ نہیں سکتے۔ کاروبار شروع کرنے یا اس کو ٹھیک ڈھنگ سے چلانے کے لئے ہمیں رقم یا زر کی ضرورت ہوتی ہے۔ بینک رقم فراہم کرتے ہیں۔ بینک ایک تنظیم ہے جو عوام سے رقوم جمع کرتی ہے، حسب ضرورت رقم مہیا کراتا ہے یا بصورت دیگر ضرورت مند لوگوں کو ادھار دیتا ہے۔اس کے علاوہ بینک کاروباری سرگرمی کے لئے ضروری بہت سی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ یہاں ہم نے مختلف کاروباری سرگرمیوں کا محض ایک جائزہ لینے کی کوشش کی ہے۔

## متن پر مبنی سوالات 2.1

1۔ صحیح متبادل پر نشان لگایئے۔

(i) صنعت کا تعلق پیداوار/تقسیم کاری سے ہے۔

(ii) کامرس کا خاص تعلق پیداوار/تقسیم کاری سے ہے۔

(iii) جو بڑی مقدار میں خرید و فروخت کرتے ہیں انہیں تھوک فروش/خردہ فروش کہا جاتا ہے۔

(iv) ایک مقام سے دوسرے مقام تک لوگوں اور سامان کو لانے لے جانے کے ذریعہ کو بیمہ/نقل و حمل کہا جاتا ہے۔

II۔ ڈالمیہ آئل ملز ریفائنڈ تیل تیار کرتی ہے۔ پوری پیداوار روچی آئل ڈپو لے لیتا ہے اور اسے مختلف خردہ فروشوں کو فروخت کرتا ہے۔محترمہ پریتی نے بالا جی کرانہ اسٹور سے 2 کلوگرام تیل خریدا۔مندرجہ ذیل کے نام لکھئے۔

| | نام |
|---|---|
| (i) مینوفیکچرر | ____________ |
| (ii) تھوک فروش | ____________ |
| (iii) خردہ فروش | ____________ |
| (iv) صارف | ____________ |

## 2.7 ای کامرس کے معنی اور تعریف

انٹرنیٹ اب ایک پنپتی ہوئی صنعت ہے۔اتنی تیزی سے ٹکنالوجی کی ترقی ہونے کی وجہ سے اب زیادہ لوگوں کے پاس کمپیوٹر اور انٹرنیٹ ہو گئے ہیں۔ اپنی روزمرہ کی ضرورتوں کے لئے انٹرنیٹ استعمال کرنے کے لئے سیکھنے والوں کی تعداد بڑھتی جا رہی ہے۔ای کامرس کی ویب سائٹوں کا استعمال نمایاں طور پر بڑھ رہا ہے۔آپ کے پروڈکٹ یا خدمات کے بارے میں جاننے

نوٹ

کے لئے لاکھوں لوگ آن لائن سرچ کررہے ہیں۔ ای کامرس یا الیکٹرانک کامرس کا مطلب اشیاء اور خدمات کی خرید وفروخت انٹرنیٹ پر کرنا ہے۔ کاروبار میں کوئی فیصلہ لینے سے پہلے یہ دھیان رکھنا ضروری ہے کہ کمپنی کو ای کامرس کی نئی حکمت عملی کے نفاذ کی صورت میں اس کا فائدہ ملے گا۔ اس لئے پہلی اور زیادہ ضروری چیز یہ ہے کہ آپ یہ جانیں کہ آیا آپ کا جس طرح کاروبار ہے اس میں ای کامرس کی خصوصیت پر مشتمل ویب سائٹ ضروری ہے۔ یا نہیں۔

**روایتی کاروبار اور ای کاروبار کے درمیان فرق**

| فرق کی بنیاد | روایتی کاروبار | ای۔کاروبار |
|---|---|---|
| 1۔تشکیل | مشکل | آسان |
| 2۔فرد کی موجودگی | ضروری | نہیں ضروری |
| 3۔قیام کی لاگت | زیادہ | کم |
| 4۔عمل لاگت | حصول، مارکیٹنگ اور تقسیم کاری میں سرمایہ کاری کے سبب زیادہ | کم کیونکہ مادی سہولیات مطلوب نہیں ہوتی |
| 5۔سودے کا وقت | زیادہ | کم، کیونکہ لین دین کا معاملہ انٹرنیٹ پر ہوجاتا ہے۔ |
| 6۔بین شخصی ربط کا موقع | زیادہ | کم |
| 7۔کاروباری دور کی طوالت | طویل، مختلف کاروباری عمل میں تسلسل کے ساتھ رشتے کے سبب | عمل عموماً ایک ہی وقت میں طے پاجاتے ہیں۔ |
| 8امداد سرکاری | کم | زیادہ انفارمیشن سیکٹر (IT) کو زیادہ ترجیح دینے کے سبب |
| 9۔عالمی رسائی | کم | زیادہ |

ای۔کامرس (E-Commerce) یا الیکٹرانک کامرس جو ای بزنس کے مجموعے کا ایک جزو ہے۔ کمپیوٹر کے نٹ ورک (جیسے انٹرنیٹ) پر اشیاء اور خدمات کی خریداری، فروخت اور مبادلہ ہے جس کے ذریعہ لین دین یا فروخت کی شرائط الیکٹرانک (برقی) طور پر انجام دی جاتی ہے۔ عملاً اس اصطلاح اور نئی اصطلاح ای بزنس کا استعمال ایک دوسرے کے بدلے میں کیا جاتا ہے۔ آن لائن ہر خردہ فروش کے لئے کبھی کبھی اصطلاح ای۔ٹیلنگ (e-Tailing) کا استعمال کیا جاتا ہے۔

الیکٹرانک کامرس الیکٹرانک ذرائع سے مالی لین دین کا ایک طرز عمل ہے۔ انٹرنیٹ پر تجارت کی زبردست کامیابی کے ساتھ

نوٹ

ای کامرس سے مراد عموماً ورلڈ وائیڈ ویب (w.w.w) پر آن لائن اسٹور سے خریداری کرنا ہے۔ اسی ویب سائٹ کو ای کامرس ویب سائٹ کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔ ای کامرس کو چار خاص زمروں B2B، B2C، B2B اور C2C میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

## 2.8 ای کامرس کی اقسام

ای کامرس کی درج ذیل اقسام ہوتی ہیں

**B2B (بزنس ٹو بزنس)**: کمپنیاں ایک دوسرے کے ساتھ کاروبار کررہی ہوتی ہیں جیسے مینوفیکچر تقسیم کاروں اور تھوک فروش خردہ فروشوں کو فروخت کرتے ہیں۔ قیمت آرڈر کی مقدار پر مبنی ہوتی ہے اور عام طور پر قابل گفت وشنید ہوتی ہیں۔

**B2C (بزنس ٹو کنزیومر)**: کاروبار کے ذریعہ عام لوگوں کو فروخت کرنا، مثالی طور پر شاپنگ کارٹ سافٹ ویر کا استعمال کرکے کیٹلاگ کے ذریعہ اسے انجام دیا جاتا ہے۔ ڈالر والیوم کے ذریعہ B2B قیمت لیتا ہے اور صارف کو لین دین انجام دینا ہوتا ہے۔

| | کاروبار | گاہک |
|---|---|---|
| کاروبار | B2B | C2B |
| گاہک | B2C | C2C |

**C2B (کنزیومر ٹو بزنس)**: صارف ایک متعین بجٹ آن لائن کے ساتھ اپنے بجٹ کو پوسٹ کرتا ہے اور گھنٹے دو گھنٹے میں کمپنی صارف کی ضرورتوں کا جائزہ لیتی ہے اور پروجکٹ پر بولی لگاتا ہے۔ صارف بولی کا جائزہ لیتا ہے اور اس کمپنی کا انتخاب کرتا ہے جو پروجکٹ کو پورا کرے گی۔ C2B پوری دنیا میں ایسے لین دین (سودے) کے لئے میٹنگ کی بنیاد اور پلیٹ فارم فراہم کرکے صارفین کو اس کا مجاز بناتا ہے۔

**C2C (کنزیومر ٹو کنزیومر)**: ایسی بہت سی سائٹیں ہیں جو بغیر معاوضہ درہ بند اشتہار، نیلامی اور فورم پیش کرتی ہیں جہاں افراد آن لائن ادائیگی نظام جیسے پے بل کے ذریعہ چیزوں کو خرید وفروخت کرسکتے ہیں اور جہاں لوگ آسانی کے ساتھ آن لائن یہ رقم بھیج اور حاصل کرسکتے ہیں۔ c.Bay کی نیلامی خدمات اس کی ایک بڑی مثال ہے جہاں 1995 سے ہی روزانہ فرد درفرد لین دین انجام پاتے رہتے ہیں۔ کمپنیاں اپنے ملازمین کو ضروری نہیں ویب کو B2E (بزنس ٹو ملازم میں مشغول رکھا جاتا ہے۔ آن لائن بلکہ آن لائن اشیاء اور خدمات پیش کرنے کے لئے داخلی نٹ ورک کا استعمال کرتی ہیں۔

ای کامرس کی دوسری شکل جس میں حکومت کے ساتھ لین دین شامل ہے۔ اس میں حصول سے ٹیکس فائل کرنے تک، کاروباری رجسٹریشن سے لے کر لائسنس کی تجدید کرانے تک کا کام شامل ہے۔







ای کامرس کے دیگر قسمیں بھی ہوتی ہیں لیکن یہ زائد از ضرورت لگتے ہیں۔ ان میں سے کچھ یہ ہیں۔ G2G(گورنمنٹ ٹو گونمنٹ)، G2E(گورنمنٹ تو ایمپلائی)G2B(گورنمنٹ ٹو بزنس، B2G(بزنس ٹو گورنمنٹ)، G2C(گورنمنٹ ٹو سٹیزن C2G(سٹیزن ٹو گورنمنٹ)

## 2.9 ای۔کامرس کے فوائد

آپ نے ہوسکتا ہے محسوس کیا ہو کہ الیکٹرانک طور پر کئے گے کاروبار کا وسیع دائرہ عمل ہوتا ہے۔ ای کامرس کا اطلاق تھوک فروشی اور خردہ فروشی پر بھی ہوتا ہے۔ یہ دنیا کے مختلف حصوں میں کاروباری اکائیوں کے درمیان چوبیس گھنٹے انٹرنیٹ کے ذریعہ خرید و فروخت کا عمل واقع ہوسکتا ہے۔ آیئے ای کامرس کے فوائد پر بحث کریں۔

(i) **وسیع تر انتخاب:** اچھے ترقی یافتہ کمپیوٹرنٹ ورکنگ نظام کی مدد سے کاروباری اکائیاں قومی سطح اور عالمی سطح پر کام انجام دے سکتی ہیں۔ اس طرح گاہکوں کے پاس اشیاء اور خدمات کی بڑے پیانے پر پسند ناپسند ہوتی ہے۔

(ii) **بہتر گاہک خدمات:** اشیا اور خدمات کے سپلائر فروخت سے پہلے اور بعد میں گاہکوں کو خدمات کی ایک وسیع رینج جیسے پروڈکٹ کے بارے میں معلومات، استعمال کے لئے رہنما خطوط، گاہکوں کے پروڈکٹ کی کوالٹی اور افادیت کے بارے میں سوالوں کے جواب پیش کر سکتے ہیں۔

(iii) **گاہک کی ضرورتوں کا فوری جواب:** ای کامرس میں خرید و فروخت کے عام عمل کے مقابلے کاروباری لین دین میں بہت کم وقت لگتا ہے۔ ایسا اس لئے ہوتا ہے کیونکہ پیداکاروں کے ذریعہ تقسیمی ذرائع اور پروڈکٹ کی سپلائی اور خدمات صارفین تک کم وقت میں سیدھے طور پر پہنچتی ہے۔

(iv) **لاگت کی بچت اور قیمت میں کمی:** ای کامرس کے ذریعہ کیے جانے والے کاروباری لین دین میں لاگت کی کافی بچت ہوتی ہے۔ شوروم میں اشیاء کو ڈسپلے کرنے یا گودام میں ایک بڑا اسٹاک رکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ کاروبار کو انجام دینے کے لئے ملازمین کی ضروری تعداد بھی کم ہوتی ہے اس طرح کام کی لاگت فطری طور پر گھٹ جاتی ہے۔ اس لئے گاہک کم شرح پر اشیاء حاصل کر سکتے ہیں۔

(v) **بازار کے بارے میں معلومات:** انٹرنیٹ کے ذریعہ بازار کے بارے میں دستیاب معلومات کی رسائی کاروباری اداروں کو گاہک کی مختلف ضرورتوں کی شناخت کے مطابق نئی اشیاء اور بہتر خدمات پیش کرنے کا اہل بناتی ہے۔

نوٹ

## متن پر مبنی سوالات 2.2

کثیر انتخابی سوالات

1۔ پودے اُگانے میں لگی صنعتوں کو ــــــــــــ کے طور پر جانا جاتا ہے۔

(a) تعمیراتی صنعت کے طور پر (b) مینوفیکچرنگ صنعت کے طور پر

(c) استخراجی صنعت کے طور (d) جینیاتی صنعت کے طور پر

2۔ عمارتوں، سڑکوں اور پلوں وغیرہ کی تعمیر میں شامل صنعتوں کو ــــــــــــ کے نام سے جانا جاتا ہے۔

(a) تعمیراتی صنعت (b) مینوفیکچرنگ صنعت

(c) استخراجی صنعت (d) جینیاتی صنعت

3۔ ای۔کامرس کا مطلب ہے اشیاء اور خدمات کی ــــــــــــ خرید و فروخت۔

(A) برقی یا الیکٹرانک طور پر (B) ذاتی طور پر

(c) ڈاک کے ذریعہ (D) ٹی وی کے ذریعہ

4۔ تجارت میں معاون ــــــــــــ شامل ہوتی ہے۔

(A) بینکنگ (B) مینوفیکچرنگ

(C) خرید (D) فروخت

5۔ ای کامرس میں شامل نہیں ہوتا۔

(A) A2A (B) B2B

(C) B2C (D) G2G

## آپ نے کیا سیکھا

- کوئی بھی کام جو منافع کمانے کی غرض سے انجام دیا جائے وہ کاروبار کہا جاتا ہے۔ کاروبار میں سرگرم شخص کو تاجر کہا جاتا ہے۔ کاروباری سرگرمیاں موٹے طور پر دو زمروں میں بانٹی جا سکتی ہیں۔ صنعت اور کامرس۔ صنعت کا تعلق مواد کی عمل کاری اور اشیاء کی پیداوار جبکہ کامرس کا تعلق اشیاء اور مواد کی تقسیم سے ہے۔
- کامرس ایک وسیع اصطلاح ہے جس میں روایتی طور پر تجارت اور تجارت میں معاون چیزیں شامل ہوتی ہیں۔ تجارت (trade) خرید و فروخت کی ایک عمل ہے۔ تجارت میں مدد یا سہولیت پہنچانے کی غرض سے نقل و حمل، گودام کاری، بیمہ، اشتہار، بینک کاری وغیرہ جیسی سرگرمیاں ضروری ہیں۔ انہیں کاروبار کے لیے معاون اشیاء کہا جاتا ہے۔

ماڈیول—I
کاروبار کا تعارف



نوٹ

## اختتامی مشق

1۔ کاروبار سے آپ کی کیا مراد ہے، مختلف قسم کی کاروباری سرگرمیوں کی وضاحت کیجیے۔

2۔ ای کامرس کی تعریف کیجیے۔ اس کے فوائد بیان کیجیے۔

3۔ صنعت سے کیا مراد ہے؟ مختلف قسم کی صنعتوں کے بارے میں بحث کیجیے۔

4۔ تجارت میں معاون اشیاء سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کیجیے۔

6۔ ایک تاجر کی حیثیت سے کاروبار کے اپنے روزمرہ کے لین دین میں تجارت کی کن مختلف معاون اشیاء کا آپ استعمال کر رہے ہیں۔

## متن پر مبنی سوالوں کے جوابات

2.1 1۔ (i) پیداوار (ii) تقسیم کار

(iii) تھوک فروش (iv) نقل وحمل

2۔ (i) ڈالمیا ملز آئل مل (ii) روچی آئل ڈیپو

(iii) بالا جی کرانہ اسٹور (iv) پریتی

2.2 (1) D (2) A (3) A (4) A (5) A

## آپ کے لئے سرگرمی

- اپنے محلے میں انجام دی جانے والی پانچ کاروباری سرگرمیوں کی شناخت کیجیے۔ انہیں صنعت یا کامرس میں درجہ بند کریں۔ مزید برآں، صنعت کے تحت کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ آیا یہ ابتدائی، ثانوی یا ثلاثی صنعتیں ہیں؟